کس طرح نیو جرسی ڈویژن کو شہری حقوق کی شکایت درج کروائی جائے

NJ DIVISION ON CIVIL RIGHTS

DCR کے بارے میں

شہری حقوق کی نیو جرسی ڈویژن (NDR) ایک ریاستی ایجنسی ہے جس کے ذمے نیو جرسی کے شہری حقوق کے قوانین، بشمول نیو جرسی کا ہراسانی کے خلاف قانون (LAD) اور نیو جرسی کا خاندانی رخصت ایکٹ (NJFLA) کا نفاذ کرنا ہے۔DCR کا مشن نیو جرسی کے لوگوں کو ملازمت، رہائشی علاقوں، اور عوامی سکونت کی جگہوں پر امتیازی سلوک اور مبنی بر تعصب ہراسانی سے محفوظ رکھنا ہے۔

LAD کے تحت حقیقی یا اخذ کردہ نسلی، مذہبی، قومی بنیاد، صنف، جنسی رجحان، صنفی پہچان یا اظہار، معذوری اور دیگر زیرحفاظت خصوصیات کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنا ممنوع ہے۔

یہ قانون ملازمت، رہائشی علاقوں، اور عوامی سکونت (ایسی جگہیں جو عوام کے لئے ہیں، جیسا کہ کاروبار، ریستوران، اسکول، سمر کیمپس، طبی مراکز، سرکاری دفاتر اور ایجنسیز وغیرہ پر لاگو ہوتا ہے)۔

شکایت کیسے درج کروائی جائے

1 DCR کو شکایت درج کروانے کے لئے، آپ کو لازمی طور پر پہلے ایک ان ٹیک (intake) فارم جمع کروانا ہو گا۔ آپ ان ٹیک (intake) فارم جمع کروا سکتے ہیں:

- آن لائن ایک اکاؤنٹ تخلیق کرکے اور NJ تعصب کی تحقیقات تک رسائی کا نظام (NJBIAS) استعمال کر کے
- NJDCR4U.1.833 کو کال کرکے اورNJ تعصب کی تحقیقات تک رسائی کا نظام (NJBIAS) پر موجود فارم پُر کرکے ایک DCR ریسیپشنسٹ سے مدد مانگ کر

2 ایک DCR تفتیش کار آپ سے رابطہ کرے گا اور یہ طے کرنے کے لئے ایک ان ٹیک (intake) انٹرویو لے گا کہ آیا آپ کی شکایت DCR کے دائرہ کار میں آتی ہے (جیسا کہ اگر آپ LAD کی خلاف ورزی کا الزام لگا رہے ہیں جو پچھلے 180 دن کے اندر واقع ہوئی ہے اور آیا یہ کہ وہ مدد کر سکتے ہیں)۔

- اگر ایسا ہی ہے، تو پھر DCR آپ کے دستخط لینے کے لئے شکایت کا ایک توثیقی فارم تیار کرے گا۔ جب آپ توثیق شُدہ شکایت پر دستخط کر چکیں، تو آپ کو بطور مدعی جانا جائے گا۔

3 DCR آپ کی شکایت مدعا علیہ کو بھیجے گا—وہ فریق جس نے مبینہ طور پر آپ کے شہری حقوق پامال کیے ہیں۔ مدعا الیہ کے پاس موقع ہو گا کہ وہ ان واقعات کا اپنا موقف پیش کر سکیں۔

4 اس کے بعد DCR تفتیش شروع کرے گا، جس میں شامل ہو سکتا ہے:

- آپ کے، مدعا علیہ کے اور گواہان کے انٹرویوز
- متعلقہ دستاویزات، تصاویر، اور ویڈیو ریکارڈنگز کا جائزہ
- یہ ضروری ہے کہ آپ تمام متعلقہ ثبوت، بشمول الیکٹرانیکلی ذخیرہ شدہ ثبوت جیسا کہ ٹیکسٹ اور ای میل پیغامات کو محفوظ رکھیں، یہاں تک کہ آپ کے کیس کا فیصلہ نہ ہو جائے۔

اپنی تفتیش کے اختتام پر، DCR طے کرے گا کہ آیا ایسی ممکنہ وجہ موجود ہے جس سے قانون کی خلاف ورزی کے واقع ہونے کا تعین کیا سکے۔

تنازع کا حل

DCR ایسے فریقین کو تنازع کے حل کی مفت خدمات کی پیشکش بھی کرتا ہے جو شکایت کو مشترکہ متفقہ شرائط پر سلجھانے کا ارادہ رکھتے ہوں۔ شکایت یا تفتیشی عمل کے دوران ایک رضاکارانہ سلجھاؤ کو کسی بھی وقت طے کیا جا سکتا ہے۔